بعض فقیروں کے انداز میں لجاجت کم اور حکم زیادہ ہوتا ہے۔ انہیں دیکھ کر آپ یوں محسوس کریں گے جیسے یہ آپ کے IMMEDIATE BOSS ہیں اور آپ کی کارکردگی کی سالانہ خفیہ رپورٹ لکھیں گے۔

شریفانہ مانگنے والوں میں دو قسمیں ہیں۔ اصلاً نسلاً، شرافتاً، جتنا بھر لباس سے فقیر ہوتے ہیں۔ بڑے گٹے دوہرے جسم کے، داڑھی مونچھ صاف، لباس عمدہ، چاندی کی ... چاندی کے بٹنوں والا، گلے میں زمرد، نیلم اور پکھراج کے منکوں کی مالا۔ کام ...

اس لیے نہیں کرتے کہ آبا و اجداد کی روحیں شرمندہ ہوں گی۔ مانگتے اس لیے ہیں کہ اس کے سوا کوئی دوسرا کام سیکھا ہی نہیں۔ ایچی طرح ... ملتے ہیں۔ پانچ روپے سے کم لینا خلافِ شان سمجھتے ہیں۔ کوئی ... مجھے نہیں، اعلیٰ نسل کے فقیر ہیں۔

جیسا ... ہے ... ہے جائے۔

ادنیٰ ترین قسم کے بھکاری وہ ہیں جو گلی کوچوں میں ... ہیں۔ اعلیٰ ترین وہ ہوتے ہیں جو ... ہیں ... شاید کے مطابق ؎

نہ کی غربانی سے بہتر نہیں کوئی لباس

یہ وہ جامہ ہے کہ جس کا نہیں الٹا سیدھا

یہ لوگ مانگتے نہیں لیکن مختلف نعمتیں ان کے پاس خود بخود چلی آتی ہیں۔ یہ مست قلندری فقیر کہلاتے ہیں۔

یہ مضمون تشنہ رہ جائے گا اگر میں چند اسپیشل قسم کے فقیروں کا ذکر نہ کروں۔ ان میں سب سے پہلے لکیر کے فقیر ہیں۔ ان فقیروں کے جہاں دامن خالی ہیں وہاں ذہن بھی خالی ہی ہوتے ہیں۔ اسی لیے عمر بھر ایک ہی لکیر پر چل کر خوش رہتے ہیں۔ ایسے فقیروں سے ہمارا معاشرہ بھرا پڑا ہے۔

دوسری قسم کے فقیر بڑا رومانوی مزاج رکھتے ہیں۔ عشق میں گھر بار تباہ کر دیتے ہیں، تکلیفوں میں خوش رہتے ہیں۔ مانگ کر کبھی کبھار شراب پی لیتے ہیں، اپنے زخموں کو سوئی سے سیتے رہتے ہیں۔ راتوں کو جاگتے ہیں اور دن میں کئی کئی میل پیدل چل کر آوارگی کا شوق پورا کرتے ہیں۔ محبوب کے فراق میں زندہ بدست مردہ یا مردہ بدست زندہ رہتے ہیں۔ کسی شاعر نے ان کے بارے میں کیا خوب کہا ہے: ؎

جو بھی تیرے فقیر ہوتے ہیں

آدمی بے نظیر ہوتے ہیں

عاجزی اور سعادت مندی ان کا طرۂ امتیاز ہے۔ پیار کے بھوکے ہوتے ہیں۔

ہم فقیروں سے کج ادائی کیا

آن بیٹھے جو تم نے پیار کیا

جب بھوک ستاتی ہے تو یہ مسکین صورت فقیر کسی گلی کوچے میں پہنچ جاتے ہیں اور دیر تک سردی میں ٹھٹھرنے کے بعد صدا لگا کر واپس آ جاتے ہیں۔

فقیرانہ آئے صدا کر چلے

میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

اب ان کمانے روزگار اور اوقات کے فقیروں کا ذکر بھی سنتے چلیے جو موجودہ زمانے کی دریافت ہیں۔ یہ لوگ نہ تو فقیروں کے دائرے میں آتے ہیں اور نہ بھکاریوں کی ذیل میں۔ نہ ان کے ہاتھ میں کشکول ہے اور نہ صدا لگاتے ہیں۔ ان کے ہاتھ پاؤں بھی سلامت ہیں اور صحت بھی قابلِ رشک۔ بڑے شوقین اور رنگین مزاج واقع ہوئے ہیں۔ شراب ان کا مرغوب ترین مشروب ہے، مگر کبھی کبھار ذائقہ بدلنے کے لیے چائے بھی پی لیتے ہیں۔ رسیلی کا انہیں خبط ہوتا ہے۔ انگریزی فلموں کے دیوانے ہیں۔ تکے کباب اور چرغے پر جان دیتے ہیں۔ عیاشی کی کوئی مد ہو، کسی سے پیچھے نہیں رہتے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو جیب میں اگر پیسہ ہو بھی تو اسے خرچ کرنے کا خطرہ مول نہیں لیتے۔ صبح گھر سے کان پر قلم رکھ کر نکلتے ہیں، شام بلکہ رات کو گھر واپس آ کر پوری رقم اپنی بیگم کے حوالے کرتے ہیں۔ ہوٹل بازی اور شکار جیسے لیرانہ مشغلے پورے طور پر سر انجام دیتے ہیں، مگر عمر بھر ایک پھوٹی کوڑی بھی اپنی نیک کمائی سے خرچ نہیں کرتے۔ انہیں عرفِ عام میں "مفت بر" کہا جاتا ہے۔ یہ آپ کو ہر مقام اور ہر موقع پر مل جاتے ہیں۔ کبھی دوست بنتے ہیں، کبھی گویا کبھی ... اور کبھی سرپرست۔ یہ حضرات عام طور پر آپ سے ادھار لیتے ہیں مگر کبھی واپس نہیں لوٹاتے تاکہ آپ سے رشتہ قائم رہے۔ کبھی آپ کے دکھ درد میں کام آ بھی جائیں تو عمر بھر اس کا حساب مانگتے ہیں۔

پچھلے دنوں حکومت نے سارے پانچ سو کے نوٹ منسوخ کیے تو سب سے بڑھ چڑھ کر فقیروں نے حصہ لیا۔ میرے خیال میں موجودہ مشکل کے زمانے میں پہلوانوں سے زیادہ صحت مند اور فقیروں سے زیادہ خوشحال کوئی نہیں۔ ■■

سوادِ شب

ادا جعفری

لوگ کہتے ہیں کہ رونے سے سکوں ملتا ہے
آج کی رات ہے تاریک مسافت بھی کڑی
جیسے سینے پہ کوئی برف کی سِل آن پڑی
کچھ تو ہو گرمیٔ محفل کا بہانہ ... ہی
جی بہل جائے گا زخموں کی نمائش ہی سہی
درد چمکا ہے اندھیرے میں تو جی ٹھہرا ہے
بارشِ سنگ سے ہر پیکرِ گل زخمی ہے
کہیں آورش ہے گھائل کہیں دل زخمی ہے
سوچتی ہوں کہ کہوں بھی تو بھلا کس سے کہوں
ان میں وہ سنگِ ملامت بھی تو شامل ہوں گے
جن کی زد پر بھی اپنے ہیں کوئی مغیر نہیں
وہ جو سب اپنے ہی ہاتھوں میں لیے بیٹھے ہیں
کتنے سادہ ہیں کھلونوں سے بہل جاتے ہیں
سرخیٔ عارض و لب کی کوئی نکلے صورت
اپنے خوابوں کا لہو چہرے پہ مل لیتے ہیں
قصۂ حسرتِ ناکام کا کچھ نام تو ہو
داغِ دل داغِ جگر اور ذرا عام تو ہو
درد چمکا ہے اندھیرے میں تو جی ٹھہرا ہے
لوگ کہتے ہیں کہ رونے سے سکوں ملتا ہے

میں وہ نادان کہ جینے کے بہانے ڈھونڈوں
ایک غنچہ نظر آئے تو گلستاں سمجھوں
ایک اِک گام کو منزل کا سہارا جانوں
اِک ستارے کو اجالوں کا اشارا جانوں
ایک انداز میں کھلتے ہوئے خوابوں کے گلاب
ایک آواز میں سوئے ہوئے گیتوں کی پھوار
ایک بچے کی نگاہوں میں تبسم کا نکھار
مجھ کو انساں کے تقدس کا دلاتے ہیں یقیں
زندگی دستِ تمنا سے ابھی دور نہیں
پونچھ ڈالی ہے لرزتے ہوئے اشکوں کی قطار
اپنے بیگانے کی تمیز کہیں ہوتی ہے
پھول جس شاخ پہ مہکے وہ حسیں ہوتی ہے
جس کسی لفظ میں پائی ہے صداقت کی مہک
میں نے اُس لفظ کے قدموں پہ جبیں رکھ دی ہے
جب کسی آنکھ میں دیکھی ہے مروت کی جھلک
میں نے اُس آنکھ کی حرمت کی قسم کھائی ہے
رہگزاروں میں فقط دھول نہیں ہے لوگو!
خود کو آسودۂ آزار کہو یا نہ کہو —
وقت کو جابر و قہار کہو یا نہ کہو
ٹھہرنا وقت کا معمول نہیں ہے لوگو!
آج کی رات ہے تاریک مسافت بھی کڑی

جانِ فگار رو! کوئی چارہ کوئی تدبیر کرو
تیشۂ حرفِ شکایت سے کوئی رات کٹی!

بزمِ خواتین

(...) شفیقہ (...)

تازہ اردو خط و کتابت
سہیلی سے

پیاری سہیلی!

ادائی دل چھڑ کر لیا ہے۔ ایسا بھی کیا کبھی خیر سلا کے دو دفعتاً ہی سیدھا ادھر ہی معاملہ ہوا کہ آنکھیں ہوئیں دوچار تو دل میں آیا کھوٹ۔

شاید تمہیں پتہ نہیں کہ میں پہاڑ پہ گئی ہوئی تھی۔ تو میرا تو وہاں بالکل دل نہیں لگا۔ لوگ قدرتی نظارے قدرتی نظارے کی رٹ لگاتے ہیں۔ میرا تو جی چند دنوں میں اچاٹ ہو گیا۔ نہ کوئی ڈھنگ کا سینما ہال نہ اللہ ماری کوئی کام کی کپڑوں یا زیوروں کی دکان۔ دو مہینے میں صرف آٹھ جوڑے سل سکے اور صرف ایک جوڑی سونے کے آویزے پسند آئے۔ اس آنے جانے میں نگوڑا نیا گرم کوٹ بھی نہ سل سکا۔ اب سردیوں میں وہی پچھلے سال بنوایا ہوا کوٹ پہننا پڑے گا۔ سچ تو یہ ہے کہ ساری گرمیوں میں ایک بھی نئے ڈیزائن کا جوڑا نہیں سل سکا۔ کسی نئی فلم میں ہیروئن کے کپڑے دیکھوں تو کچھ بنوا ڈالوں گی۔

ایک بات بتاتی ہوں مگر وعدہ کرو کسی سے نہیں کہو گی۔ کیونکہ تم کبھی ... پڑھ بھی کو لکھوں۔ وہ جو رشید ہے نا۔ اب تم مجھے چھیڑو گی۔ ارے ہٹو پہلے سن بھی لو اس کے چچا کالج میں پروفیسر لگ کر آئے ہیں۔ ہوں گے کوئی پینتالیس چھیالیس برس کے۔ میں اگلی سیٹ پہ بیٹھتی ہوں چنانچہ حضرت کو غلط فہمی ہو گئی۔ حالانکہ میں نے ذرا سی بھی لفٹ نہیں دی۔ سوائے اس کے کہ میں غور سے ان کی آنکھوں کو دیکھا کرتی تھی (آنکھیں اچھی ہیں) پروفیسروں کو کون غور سے نہیں دیکھتا۔ کبھی کبھار ان سے علیحدگی میں سوال پوچھ لئے تو کیا ہوا۔ کل تین یا چار مرتبہ ان کے ساتھ چلی گئی۔ وہ بھی ان کے بلانے پر۔ عید پر انہوں نے چھوٹے موٹے تحفے دیئے جو ان کا دل رکھنے کے لئے قبول کرنے پڑے۔ صرف ایک دو دفعہ ان کے ساتھ پکچر دیکھی۔ بس پھر کیا تھا شاعری پر اتر آئے۔ کہنے لگے تم اب تک کہاں تھیں، میری زندگی میں پہلے کیوں نہ آئیں۔ حالانکہ ان کی زندگی کے شروع کے حصے میں تو میں پیدا بھی نہیں ہوئی تھی۔ شکل و صورت معمولی ہے گنجے بھی ہیں۔ سنا ہے کئیوں سے وعدہ خلافی کر چکے ہیں۔ پانچ چھ سال کے بعد بڈھوں میں کہلائیں گے۔ تعجب ہے کہ اس عمر میں بھلا کوئی کیا وعدہ کر سکتا ہے۔

ناہید نے تو سب کے سامنے ان کی خبر لی۔ انہیں جھوٹا، ہٹ دھرم، مکار اور نہ جانے کیا کیا کہا۔ ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ خیر سے ہاکی فٹ بال کے ریفری بھی ہیں اور اس قسم کے کلمات کے عادی ہو چکے ہیں۔ دراصل ناہید بیگم نے ... دکھانے کو تو ... سے شادی کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ بالکل بلا سوچے سمجھے جیسے کہ بعض لڑکیاں اکثر کرتی ہیں۔

ایک شام کو ان کے مجبور کرنے پر ان کے ساتھ سینما گئی۔ وہاں رشید اگلے درجے میں بیٹھا ہوا تھا۔ نہ جانے چچا کو کیا سوجھی کہ بھتیجے کو بلا کر پاس بٹھا لیا اور مجھ سے اسی طرح باتیں کرتے رہے۔ رشید کو خواہ مخواہ آگ لگ گئی۔ رشید کے چچا کی اس حرکت پر مجھے سخت غصہ آیا۔ انہوں نے نہ صرف میرا مستقبل کا پروگرام تباہ کر دیا بلکہ ایسی اچھی شام تباہ کر کے رکھ دی۔ آج کل رشید کی مجھ سے لڑائی ہے کل میں نے فون کیا تو طعنے دینے لگا۔ بولا تم بے حد خطرناک ہو۔ عجب الٹی منطق ہے حقیقت یہ ہے کہ کوئی عورت بھی خطرناک نہیں ہوتی یہ مرد ہی ہے جو مکر ... ہوتا ہے۔ مرد و زن دونوں جائیں بھاڑ میں۔ سنا ہے رشید ... کے پیچھے لگا ہوا ہے اور اس ... کے پیچھے۔

... تو تمہارا ... ہر بات ... پیاری ... ہوں ... ان کے متعلق کوئی ... خواہ مخواہ نہیں اڑاتی تھی ... کی بات پر اتفاق ہے ... اچھی طرح دیکھنے کے لئے ... بار دیکھنا پڑتا ہے۔ پچھلے سال کسی ... لفٹیننٹ سے واقفیت تھی اس سال بھی سنا ہے کسی اور سیکنڈ لفٹیننٹ کے ساتھ سکینڈل رہا۔ بار بار اسے سیکنڈ لفٹیننٹ ہی ملتا ہے۔ پہلا لفٹیننٹ بھاگ جاتا ہوگا۔ کیا جانوں ان دنوں اتنی بدل چکی ہے کہ پہچانی نہیں جاتی۔ پچھلے ہفتے ایک پارٹی پر ملاقات ہوئی۔ میں نے ... بنے ... اور دنیا بھر کا ... رکھا تھا۔ مجھ سے ... کے بارے میں ایک افسانہ نکلا۔ حالانکہ دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہی تھی ادھر میں کئی مرتبہ جھوٹ موٹ اس کی چیزوں کی تعریف کر چکی ہوں ... جھوٹی چیز ... کو بار بار سجاتی تھی۔ ایسی اکل کھری ضدی لڑکی میں نے آج تک نہیں دیکھی نا۔ یہ رشید اسے ... کی ملکہ کہتا ہے۔ ضرور خوابوں میں ڈرتا ہوگا۔

سلمٰی غریب بائیس برس کی ہو چکی ہے اور اب تک کوئی نہیں ملا۔ میں نے تو کئی مرتبہ کہا کہ گریجویٹ پڑھا کرو۔ آج کل ترقی کے باوجود ... لوگ اکثر نئی شادی کر بیٹھتے ہیں۔ ایسے کئی مل جائیں گے۔

سنا ہے اس کے لئے بیچ میں ایک رشتہ آیا تھا کسی بڑے زمیندار کا جس کے پاس دو درجن گائیں بھینسیں تھیں اور جو بیکری میں دودھ ملا کر بیچا کرتا تھا۔ جہیز کے معاملہ میں کچھ گڑبڑ ہو گئی۔

ان صاحبزادی کو بھی پر لگ رہے ہیں۔ گویا جیسے زبان تھی ہی نہیں کیا اب کتر کتر چلتی ہے۔ فرماتی ہیں میں تو سرخی اس لئے لگاتی ہوں کہ ہونٹ نمایاں نہ معلوم ہوں۔ ایک اور فقرہ ملاحظہ ہو کہتی ہیں: میرا دل کیا ہے برف کا تودہ ہے جو اتنی جلدی پگھل جاتا ہے۔ یہ سب رشید کے چچا کا شہہ ہے۔ مجھے ان پروفیسر صاحب پر غصہ ہے تو اس بات کا کہ ساری خرافات مجھ ہی کو سکھاتے رہے۔ باجی جان سے کچھ بھی نہیں کہا۔ جیسے کہ خاندانی لوگوں میں دستور ہے۔ گنجے ہیں تو کیا ہوا۔ مرد اکثر گنجے ہو جاتے ہیں اور اسی وجہ سے ان کی عمر زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ اگر آنکھوں کی طرف دیکھتے رہو تو صرف چالیس تک کے لگتے ہیں۔ خیر دفع کرو ان سب کو۔

بلو کی منگنی ہونے والی ہے۔ میں نے چھیڑا کہ بلو کا منگیتر پہلے ... لئے انگوٹھی پر جملہ حقوق محفوظ ہیں ضرور لکھوائیں۔

عفو کی بات پکی ہو گئی ہے۔ نہیں اس کے منگیتر کو نہیں دیکھا۔ لیکن سنو گی تو خوش ہو گی کہ چھ سو روپے ماہوار پاتا ہے۔ الگ مکان ہے بہن بھائی کے جھنجھٹ سے پاک ہے۔ عفو کے والدین نے اچھی طرح یقین کر لیا ہے کہ شراب نہیں پیتا۔ اور کیا چاہئے۔ ادھر ان لڑکے کی والدہ حج کرنے جا رہی ہیں۔ عفو نے تو یہاں تک سنا ہے کہ ان کا ارادہ حج کے بعد وہیں رہ جانے کا ہے۔ خدا کرے یہ خبر سچ ہو۔

اچھا بہن تم اپنی سناؤ کیا کیا مصروفیتیں ہیں۔ تمہاری خاموشی سے دال میں کچھ کالا نظر آتا ہے۔ وعدہ ہو تو کیا۔ تل تل رتی رتی سب جانتی ہوں۔ اللہ وہ دن لائے کہ اپنی پیاری سہیلی کے ہاتھ رنگے ہوئے دیکھوں۔ خدا سہیلی دے تو ایسی جس کی دسوں انگلیاں دسوں چراغ۔

عذرا تو تمہیں یاد ہو گی۔ اس کی شادی پر ہم سب گئے تھے۔ سنا ہے لڑکے نے اعتراض کیا کہ نہ تو رسوم ادا کی جائیں اور نہ باجا گاجا ہو۔ خاموشی سے سب کچھ ہو جائے تو کیسا ہو۔ لڑکا ہو گا شادی ہونی ہی ہے یا کوئی چوری کر رہے ہیں۔ ولایت سے ابھی ابھی آیا ہے اس لئے دماغ درست نہیں ہے۔ لیکن کون سنتا ہے۔ رسمیں ساری ہوئیں۔ ساتھ بٹھایا، کنگنا باندھا، مہندی لگائی، مسالہ پیسا گیا، پانی بھروایا۔ تمہیں خوشی ہو گی کہ مہر تیس ہزار مقرر ہوا ہے اور ڈیڑھ سو روپے جیب خرچ لکھا گیا ہے۔ عذرا کتنی خوش نصیب ہے۔ باقی کی رسمیں بھی ادا کی گئیں۔ چوتھی کھیلنا، دلہن کی جوتی دولہا کے کندھے پر لگانا، آرسی مصحف کرنا، دولہا کے سر پر بہنوں کا آنچل ڈالنا، دولہا کو زعفران کے بہانے مرچیں کھلا دینا، دولہا کے جوتے چرا لینا، پھر دولہا کو الٹی چارپائی سے گرا دینا۔ اس کی شیروانی پلنگ سے سی دینا، میراثنوں کا بیہودہ گانے گانا۔ نہ جانے دولہا بھی ایک ہی چغد نکلا۔ ... نہ دیکھا ... آئی کھاٹ۔ سنا ہے کہ نکاح کے فوراً بعد ہی کہیں فرار ہو گیا۔ بڑی مشکلوں سے ڈھونڈ کر لائے۔ پتہ نہیں آج کل کے لڑکے کیسے ہو گئے ہیں۔ یہی رسومات تو قوموں کے زندہ رہنے کی نشانیاں ہیں۔ ... مہر میں بھی ... نکالی کہ تیس ہزار کا جو جہیز لڑکی کو دے رہے ہیں ... پاس رکھ لیں اور تیس ہزار کی رقم کو کم کر کے مہر دس ہزار کر دیجئے۔ لاحول ولا قوۃ!

شادی میں جو لڑکے بھی تھے ہمیں چھیڑنے لگے۔ ذرا اتنا تو ... کرتی ہو ... یہ لوگ اتنا نہیں جانتے کہ ہم کپڑے اور زیور صرف ایک دوسری کو دکھانے کے لئے پہنتی ہیں۔ مرے لڑکوں کو اس سے کیا۔

عذرا کی رخصت ہو گئی۔ خدا کرے کہ بنی رہے ... بیشتر ... ہے لیکن آثار اچھے نظر نہیں آتے۔ افسوس ہے کہ اس کی ساس نندیں بڑی ظالم ہیں۔ ... کا بہانہ بنانے کو ہر دم تیار ہیں۔ بہرحال یہ مرحلہ تو ہر لڑکی کو طے کرنا ہے۔

رشید کے چچا بھی آئے ہوئے تھے۔ ان کے متعلق ایک لطیفہ ... میں ... کوئی کہہ رہا تھا کہ بیوی زندہ ہے۔ خیر مجھے اس سے کیا۔

اور کتنا لمبا خط لکھا ہے۔ لو اب خوش ہو یا اب بھی روٹھی رہو گی۔ خط لکھو تو معلوم ہو کس کس کی نسبت ٹوٹی ہے، کس کس کے گھر شکر رنجی ہوئی ہے یا ہونے کا امکان ہے۔ ہمارے جاننے والیوں میں سے کوئی سسرال سے لڑ کر آئی ہے۔ میرے متعلق کسی سے کوئی بات تو نہیں سنی۔ ان دنوں کس کس کے سکینڈل چل رہے ہیں۔ کوئی نیا فلمی گانا پسند آیا ہو غزل یا جمپر کا کوئی نیا ڈیزائن۔ ساری باتیں مفصل لکھنا۔ امید ہے کہ منشی فاضل کا امتحان پاس کر چکی ہو گی۔ کبھی آ کر مل ہی جاؤ۔ صرف چالیس پچاس میل کا تو فاصلہ ہے۔ فقط۔

تمہاری دور افتادہ سہیلی

●

گیت
صائمہ خیری

من کرتا ہے
آج روپہلی چنری اوڑھوں
زرد بسنتی مالا پہنوں
شوخ دمکتا گجرا ڈالوں
تازہ تازہ گجرا پہنوں
مہندی سے ہر پور سجاؤں
خس میں اپنا آپ بساؤں
نین اٹھا کے، نین جھکا کے
دھیرے سے مسکاؤں
اپنے خواب کسی کو دے کر
چپکے سے کھو جاؤں

●

★ ایک موٹی عورت نے دیکھا کہ وہ جدھر بھی جاتی ہے ایک بچہ اس کے ساتھ بالکل لگا ہوا چل رہا ہے۔ گرمیوں کا موسم تھا۔ پھر راستہ بھی لمبا تھا۔ عورت پسینے میں گھبرائی ہوئی تھی۔ اس نے بچے کی اس حرکت پر اسے بہت غصہ آیا۔ آخر ایک جگہ رک کر اس نے کہا "دیکھو اگر تم یہاں سے بھاگ نہیں جاؤ گے تو میں تمہیں پولیس کے حوالے کر دوں گی۔"

اور بچہ حیران رہ گیا۔ بولا "نہیں بی بی جی! خدا کے لئے نہیں۔ دیکھئے دھوپ کتنی ہے اور سڑک پر کوئی درخت بھی نہیں ہے۔ میں تو صرف آپ کی چھاؤں میں ہی رہا ہوں۔"

مجیب نے پاکستان سے فوجی ساز و سامان اور قومی اثاثوں کی تقسیم کا مطالبہ کر دیا

ہمیں بنگلہ دیش کے قیام کے بعد ایک جہاز تک نہیں ملا

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے بعد فاتر ناہم اپنا حصہ طلب کر سکیں گے ، مجیب

[illegible]

مسجدوں کے اجتماعی تصور کو زندگی کے ہر شعبہ میں پیش نظر رکھا جائے

اقوام متحدہ بچوں کے حقوق کے تحفظ میں ناکام ہو گئی ہے

[illegible]

بارہ گھنٹے قبل بھارت کی قید سے رہا ہو کر آنیوالا بڑا بھائی چھوٹے بھائی کی غیرت و حمیت کا نشانہ بن گیا

پشاور اور مردان کا ۱۰۰۰ ... نے کے لیے چھوٹے بھائی نے اپنی بیوی کو گولی مارنے کے بعد خودکشی کر لی

غلط فہمی نے پورے خاندان کا نام و نشان مٹا دیا

المناک حادثہ کے باعث پورے صوبہ سرحد میں صف ماتم بچھ گئی!

[illegible]

قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی دوہری رکنیت رکھنے والے ۱۰ نومبر تک ایک نشست سے مستعفی ہو جائیں

[illegible]

چینی کو اقوام متحدہ کی پانچویں زبان تسلیم کر لیا جائے

بجٹ کمیٹی کی جنرل اسمبلی سے سفارش

[illegible]

واپسی کی رفتار تیز نہ کی گئی تو جنگی قیدیوں کے پاکستان پہنچنے میں مزید چھ ماہ لگیں گے

بنگلہ دیش سے پاکستان آنے والوں کے لیے کوئی حد مقرر نہیں کی گئی

اب تک نیپال و برما سے ۲۰ ہزار اور بھارت سے دس ہزار پاکستانی آ چکے ہیں ، دفتر خارجہ

[illegible]

سعودی عرب پاکستان کو ۱۰ ہزار ٹن کھاد دے گا

[illegible]

پختونستان کے مسئلہ پر افغانستان کو روسی حکومت کی حمایت حاصل نہیں

سردار داؤد کی حکومت خطرناک کھیل کھیل رہی ہے

روسی سربراہ اسلام آباد سے تعلقات بہتر بنانے کے خواہاں ہیں : بھارتی اخبار

[illegible]

اسرائیلیوں کی اکثریت جنگ بندی کی حامی ہے

[illegible]

مسلمان اسلام کے اصولوں پر عمل کریں تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں شکست نہیں دے سکتی

اسلام کی عظمت بحال کرنے کے لیے مایوسیوں کو ختم کر دینا ہوگا ، مولانا مودودی

[illegible]

HALAL MEAT

MASALAS

BASMATI RICE DALS

ASIAN FOOD CENTRE

1272 BLOOR ST.W

AT LANSDOWNE

Tel. 535-1212

پاکستان کو توڑنے کے لیے جو ہاتھ اٹھیں گے، ہم انھیں توڑ ڈالیں گے

میں نے کبھی پختونستان کا مطالبہ نہیں کیا ، ولی خان

[illegible]

برخواہوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کے لیے اب ہم بہتر پوزیشن میں ہیں

حکومت ملک کے دفاع کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے پر توجہ دے رہی ہے: جنرل ٹکا خان

بریگیڈیئر عبدالجبار ڈھاکہ چلے گئے

۱۹۵ جنگی قیدیوں کے مستقبل کا فیصلہ باہمی گفت و شنید سے کیا جائے گا: مجیب

مساوی حیثیت میں وزیر اعظم بھٹو سے ملاقات کا ہر وقت امکان ہے

فضائیہ کے فلائنگ آفیسر سرفرازی صاحب وطن واپس

لوٹے تو ان کے رفقا نے ان کا استقبال کیا۔

نظر بندی کے دوران

تعلیم یافتہ لڑکیوں نے

بھارت سے جنگی قیدیوں کے ایک اور قافلہ کی واپسی

واپس آنیوالوں میں ۲ لیفٹیننٹ کرنل، ۴ میجر اور ۱۴ کیپٹن بھی شامل ہیں

۹۰۰ شہری نظر بند بھی پاکستان واپس پہنچے

پاکستان غیر بنگالیوں کو قبول کرنے میں تامل کیا تو بھارت

جنگی قیدیوں کی واپسی روک دے گا: نیویارک ٹائمز

WANTED

HEARING AID REPAIR MAN
FULLY EXPERIENCED
PART TIME ONLY
PLEASE
CALL
274-3642 OR 822-4523
(EVENINGS)

REGAL AUDIO INSTRUMENTS

LOOKING FOR

Pakistani Gifts !!

SEND FOR PRICE LIST.

WE MAIL ORDERS ANY WHERE IN USA & CANADA

Kazi Imports

#1647 N Wells Street, Chicago, Ill 60614

Phone: 312/944-8686

ٹورانٹو جو شہر ہے بیحد شاندار و پرُبہار
گھر چاہیئے یہاں تو نہ تردد نہ کیجئے
جب آپ کی مدد کو قریشی ہیں مستعد
کیوں ان سے مل کے اپنی آرزو پوری نہ کیجئے!

مکانات کے علاوہ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد
خرید و فروخت کیلئے بھی یاد رکھیں: ایچ کیتھ لمیٹڈ

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 763-4988

SULTAN QURESHI

دمشق میں عوام کو جنگ بند ہونے کی خبر سن کر سخت صدمہ ہوا

ہمیں مکمل فتح تک جنگ جاری رکھنی چاہیئے

عام لوگوں کے تاثرات

دمشق ۲۴ اکتوبر (رائٹر) آج صبح جب دمشق ریڈیو نے جنگ بندی کی تجویز منظور کر لینے کا اعلان کیا تو شامی باشندے سکتہ میں آ گئے ... [illegible]

[illegible]

ایک نوجوان لیفٹیننٹ نے ... [illegible]

صدر سادات کے چھوٹے بھائی شہید ہو گئے

[illegible]

مصر ۲۴ بحری جہاز اور ٹینکر خریدے گا

[illegible]

عرب وزرائے خزانہ کی کانفرنس

[illegible] ... خلاف جنگ میں بروئے کار لانے پر غور کیا جائے گا۔

بھارت میں ہر سال دو سو اچھوتوں کو قتل کر دیا جاتا ہے ایک سو ہریجن عورتوں نے خودکشی کر لی

مولانا کوثر نیازی نے علامہ رشید ترابی کی عیادت کی

کراچی، ۲۴ اکتوبر (پ پ) مرکزی وزیر اطلاعات و نشریات ... مولانا کوثر نیازی نے علامہ رشید ترابی سے ملاقات کی ... [illegible]

شہزادہ صدر الدین برصغیر کا دورہ کریں گے

نیویارک، ۲۱ اکتوبر (اے پ پ) اقوام متحدہ کے پناہ گزینوں کے شعبہ کے سربراہ پرنس صدرالدین ... اسلام آباد اور ڈھاکہ جائیں گے ... [illegible]

آندھرا پردیش میں ۱۹ سالہ نوجوان کو زندہ جلا دیا گیا

آٹھ کروڑ اچھوت انتہائی کس مپرسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں: بھارتی اخبار کی رپورٹ

راولپنڈی ... [illegible] ... اس رپورٹ کے مطابق بھارت میں ہر سال قریب دو سو ہریجن ہلاک کر دیئے جاتے ہیں ... [illegible]

[illegible]

روسی اسلحہ کے عوض مصر کو پچاس کروڑ پونڈ فوری طور پر ادا کرنے پڑیں گے

لندن ۲۳ اکتوبر ... [illegible]

ایک دن ساری دنیا خصوصاً یورپ میں اسلام کا بول بالا ہوگا: کرنل قذافی

طرابلس ... [illegible] ... کرنل قذافی سے انٹرویو لینے کیلئے ... [illegible] ... قرآن مجید کی آیات ... [illegible]

اب لیبیا اور مصر کا ادغام دور کی بات ہے: قذافی

جنگ بندی عربوں کے خلاف روس و امریکہ کی سازش ہے

اقوام متحدہ کی قراردادوں سے کبھی کوئی مسئلہ حل نہیں ہوا

طرابلس ۲۳ اکتوبر ... [illegible]

[illegible] ... اب مصر و لیبیا کا ادغام دور کی بات ہو گئی ہے۔

[illegible]

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

ہمیں عربوں کے حشر سے سبق حاصل کرنا چاہیئے

امریکہ اور روس نے مل کر عربوں اور اس طرح مسلمانوں اور دنیائے اسلام کا جو حشر کیا ہے۔ اس سے ہمیں کچھ سبق اور عبرت حاصل کرنی چاہیئے تھی۔ لیکن افسوس ہم نے ایسا نہیں کیا اور نہ ہی ایسا کرنے کا ہمارا کوئی ارادہ دکھائی دیتا ہے۔

عرب اسرائیل چوتھی جنگ اس لحاظ سے مختلف تھی کہ اس بار عرب متحد تھے۔ اور انہوں نے تیل کا ہتھیار استعمال کرنے کی بھی علانیہ دھمکی دی تھی۔ اور اس پر عمل کرنا بھی شروع کر دیا تھا۔

لیکن امریکہ اس کے باوجود یہود پرستی اور عرب دشمنی میں اس قدر آگے نکل گیا ہے کہ اس نے کوئی شرم لحاظ نہیں رکھا اور اس کی بھی پرواہ نہیں کی کہ عرب اور مسلمان ملک ہمیشہ کے لیے اس کے مخالف ہو جائیں گے۔

ادھر روس بظاہر عربوں کا سرپرست بنا ہوا تھا۔ بے شک صدر سادات نے روسی فوجی مشیروں کو کچھ عرصہ پیشتر اپنے ملک سے نکال دیا تھا۔ اور حالیہ جنگ سے ذرا پہلے شام سے بھی ایسی ہی خبریں موصول ہو رہی تھیں۔ لیکن شام و عراق کے ساتھ تو روس کے دفاعی معاہدے موجود ہیں مصر کے ساتھ بھی روس کے تعلقات اتنے ہی اچھے تھے جتنے امریکہ کے سعودی عرب کے ساتھ لیکن جہاں امریکہ نے اسرائیل کی خاطر اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا۔ روس نے کیسنجر کو کریملن میں بلا کر عربوں کے تاشقند کی کھچڑی پکائی۔ اور اب ان دونوں بڑی طاقتوں کی ملی بھگت سے سویز کے دونوں طرف مصری فوجوں کا جو حشر ہو رہا ہے وہ ہم سب کے سامنے ہے۔ ظاہر ہے ان حالات میں ہم اپنے عرب بھائیوں کے لیے سوائے دعا کے کچھ نہیں کر سکتے۔ لیکن ہم ان حالات سے عبرت اور سبق تو حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ فیصلہ تو کر سکتے ہیں کہ کون ہمارا دوست بن سکتا ہے۔ اور کون ہمارا دشمن ہے؟

- عرب متحد تھے۔
- عربوں کے پاس تیل کا ہتھیار موجود تھا
- روس عربوں کا دوست تھا۔
- امریکہ دوسرے عرب ملکوں کے ذریعے عربوں کا دوست تھا۔
- عرب شیوخ اپنے تیل کی دولت کو ادھر ادھر کر کے ڈالر اور پونڈ کی ساکھ کو تباہ کر سکتے ہیں۔
- عرب دنیا کے کسی بھی حصے سے اسلحہ اور ہتھیار خرید سکتے ہیں۔

اس کے برعکس :-

ہمارے پاس نہ ہتھیار خریدنے کے لیے زرمبادلہ ہے۔ نہ ہم تیل کی دولت سے مالا مال ہیں نہ ہمارا امریکہ دوست ہے نہ ہم روس کی دوستی کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ اور تو اور یہ سب کچھ دیکھتے ہوئے بھی ہم اندرونی محاذ پر اتحاد کے لیے بھی کچھ نہیں کر رہے۔ اس کے برعکس ہم نفاق اور محاذ آرائی کی راہ پر گامزن ہیں۔ سیاسی مخالفتیں ذاتی دشمنیوں میں تبدیل ہو چکی ہیں۔ جیلوں اور حوالاتوں میں سیاسی قیدیوں اور سیاسی مخالفین کے ساتھ ایسا سلوک ہو رہا ہے کہ قتل و زنا کے مجرمین بھی دانتوں میں انگلیاں داب لینے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ ذمہ دار سیاسی رہنما ایک دوسرے کو بڑی آسانی کے ساتھ غدار اور وطن دشمن کے خطابات سے نواز رہے ہیں۔ قانون کی بجائے "من کی موج" کی علمداری ہے۔ آئین کو نافذ ہوئے ابھی سات ماہ نہیں ہوئے لیکن اس پر عمل درآمد کرنا یا کرانا ہم بھول گئے ہیں۔ قرآن مجید کی طرح اسے بھی ہم نے طاق پر رکھ دیا ہے۔ تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق حزب اختلاف والے بحالی جمہوریت یا بنیادی حقوق کی بات کرتے ہیں۔ تو جواب ملتا ہے کہ کچل دیئے جاؤ گے اور کچل دیئے بھی جاتے ہیں گرفتاریوں اور رہائیوں کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری ہے حالانکہ ہونا یہ چاہیئے تھا کہ آئین پر عمل کر کے ملک میں جمہوریت اور بنیادی حقوق بحال کئے جاتے۔ اتحاد و اتفاق پیدا کر کے قوم کو ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنا دیا جاتا۔ ایک طرف ہمیں دہلی سے چیتاؤنی ملتی ہے دوسری طرف سے کابل ہمیں للکارتا ہے لیکن ہم ابھی ایک ہونے کی بجائے الگ الگ ہو رہے ہیں۔ پھوٹ اور نفاق کا بری طرح شکار ہیں۔ خود برسر اقتدار اصحاب میں ایک طرف مولانا کوثر نیازی ہیں جو اٹھتے بیٹھتے چار اصولی نظریہ کو وطن دشمنی قرار دیتے ہیں دوسری طرف محمد حنیف جیسے اصحاب ہیں جو چار اصولی نظریہ کو جزو ایمان سمجھتے ہیں۔

برسر اقتدار اصحاب پر یہ الزام عائد کیا جاتا ہے کہ وہ ایک فرد ایک پارٹی کی حکومت کے قائل ہیں اور فیشزم کے لیے راہ ہموار کر رہے ہیں۔ مسٹر بھٹو ایک جدید اور روشن خیال سیاستدان ہیں تاریخ و سیاسیات کے طالب علم رہے ہیں۔ ان سے بہتر کون جانتا ہوگا کہ یہ اور ایسی حکومتوں کا کیا حشر ہوا۔ عوام سخت نفرت ہو گئے ہیں۔ ان کی طبیعت پر اضطراب کا عنصر غالب آ چکا ہے۔ وہ کسی بھی ملک میں حکمرانوں کو آٹھ دس سال سے زیادہ گوارا نہیں کرتے۔ وہ فوری طور پر اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ جب حکمران ان کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں تو وہ فوری طور پر تبدیلی چاہتے ہیں۔ برسر اقتدار پارٹی نے پاکستان میں بھی عوام کا سیاسی مزاج ہی بدل دیا ہے۔ وہ اب سیمابی بھی ہے اور انقلابی بھی۔ خدا تعالیٰ نے مسٹر بھٹو کو ملک کی خدمت کا موقع دیا ہے۔ انہیں چاہیئے کہ وہ اپنی سے اس طرح قائم کریں کہ تاریخ میں ان کا نام بھی لکھا جائے۔ ورنہ جہاں تک اقتدار کا تعلق ہے آنی جانی چیز ہے۔ جو بھی برسر اقتدار آتا ہے۔ اسے جانا بھی ہے۔ زندگی کی طرح یہ بھی فانی ہے۔ ہمارا ملک بڑے خطرے میں ہے ہماری عزت و ناموس بڑے خطرے میں ہے۔ حالات کو مسٹر بھٹو سے بہتر اور کوئی نہیں جانتا۔ انہیں قوم کو اعتماد میں لے کر اتحاد و اتفاق کی طرف قدم بڑھانا چاہیئے اور بتانا چاہیئے کہ ہمیں اب کیا لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیئے امریکہ و روس کی طرف سے کھلم کھلا اسلام دشمنی کے عملی مظاہرے کے بعد پاکستان کے لیے ایسے مخلص دوست کا انتخاب کرنا چاہیئے جو مشکل وقت میں ہمارے کبھی کام آ سکے۔ پاکستانی قوم کے لیڈر کی حیثیت میں مستقبل قریب میں دنیائے اسلام کے اتحاد کے لیے پاکستان کے رول کو آزاد کرنے کی تیاری کرنی چاہیئے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ پہلے پاکستان کے اندر پرسکون سیاسی فضا موجود ہو۔ وہ اپوزیشن پر اعتماد کریں۔ اپوزیشن ان پر اعتماد کرے۔ صرف اسی طرح بیرون ملک پاکستان کی عزت اور بطور وزیر اعظم پاکستان ان کی ذاتی ساکھ میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

• ایک سو پچانوے جنگی قیدی

یہ امر چنداں محتاج وضاحت نہیں کہ بھارت نے اقوام متحدہ کے منشور، جنیوا کنونشنز اور تمام بین الاقوامی آداب و ضوابط کے برعکس پاکستانی جنگی قیدیوں کو سیاسی سودے بازی کے لئے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کی تھی۔ لیکن جب پاکستان نے اپنا موقف دنیا کے سامنے پیش کیا تو بین الاقوامی رائے عامہ نے پاکستان کے حق و انصاف پر مبنی موقف کی حمایت کی اور بھارتی حکمران رائے عامہ کے دباؤ سے مجبور ہو گئے ہیں۔ یہ تسلیم کر لینا چاہیئے کہ پاکستان نے اپنا جائز، منصفانہ موقف دنیا کے سامنے پیش کرنے میں خاص تدبر سے کام لیا تھا اور ہم نے اپنے موقف کے حق میں مہم بہت پہلے شروع کی اور آج جنگی قیدیوں کی واپسی کا سلسلہ کافی عرصہ پہلے شروع ہو چکا ہے۔ اب بھارت صرف ۱۹۵ جنگی قیدیوں کی واپسی کے بارے میں بنگلہ دیش کی رضامندی کی شرط عائد کر رہا ہے حالانکہ جنیوا کنونشنز اور دوسرے بین الاقوامی قوانین و ضوابط کے تحت وہ ایسا کرنے کا مجاز نہیں۔ پھر وہ دوسرے جنگی قیدیوں کی واپسی کے سلسلے میں بھی خواہ مخواہ تاخیر سے کام لے رہا ہے اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک بار پھر ہم بین الاقوامی رائے عامہ کو اپنے منصفانہ موقف کے حق میں ہموار کریں اور کسی تاخیر کے بغیر ۱۹۵ جنگی قیدیوں کی واپسی کے لئے مہم شروع کر دیں۔ ہمیں یقین ہے کہ بھارتی حکمران ایک بار پھر عالمی رائے عامہ کے دباؤ پر ہمارے ۱۹۵ جنگی قیدیوں کو بھی واپس کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

• عظیم ماؤں کو سلام

پاک فوج کے دو جنگی قیدی کرنل منصور الحق اور میجر منظور الحق خصوصی انتظامات کے تحت گزشتہ روز راولپنڈی پہنچائے گئے تاکہ وہ اپنی والدہ کی تجہیز و تکفین کی رسومات میں شریک ہو سکیں جو ایک روز پہلے ہی انتقال کر چکی ہیں۔ اس خاتون کا ایک تیسرا بیٹا بھی ہے جو قوم کی خدمت کے لیے فوج میں بھرتی کرنے کی آرزومند تھی۔

خوش قسمت تھی وہ ماں جس نے اپنے دو بیٹوں کو مجاہد بنایا جنہوں نے ملک و ملت کی سالمیت، وقار اور یکجہتی کی خاطر ہزاروں میل دور دشمن سے جنگ لڑی میدان جنگ میں داد شجاعت دی۔ بعض ناگزیر تقاضوں کے تحت دشمن کی قید میں جانے پر مجبور ہوئے اور دو سال تک قید کی صعوبتیں جھیلتے رہے۔

اس ملک میں ایسی بھی مائیں ہیں جن کے جواں بیٹے اسلام اور پاکستان پر قربان ہو گئے یا جن کے دو دو تین تین مجاہد بیٹے دشمن کی قید میں چلے گئے لیکن وہ صبر و استقلال کا مظاہرہ کرتی رہیں۔ ان کی زبان پر حرف شکایت نہ آیا بلکہ وہ فخر کرتی رہیں کہ ان کے بیٹوں نے کفار کا مقابلہ کیا۔ ہم ان عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

ضرورت ہے

کینیڈا اور امریکہ کے تمام بڑے شہروں میں
اس اخبار کے لیئے نامہ نگاروں اور ایجنٹس کی
ضرورت ہے
خواہشمند حضرات درج ذیل پتے پر خط لکھیں۔

P.O. BOX 296, STATION 'H'
TORONTO M4C 1L0 ONT. CANADA

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
Send cheques to

The Crescent

P.O. BOX 296, STATION 'H'
TORONTO M4C 1L0 ONT. CANADA

Name.

Address.

ولی خاں اور پاکستان

کہہ رہے تھے کہ پاکستان کے عاشق ہیں ہم
توڑ ڈالیں گے خلاف اس کے جو اٹھے گا قدم
آج افغانوں کے انگوروں پہ ٹپکی ان کی رال
کہتے ہیں سرحد تک ہوگا نہ ہرگز طور ختم!

(وقار انبالوی)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورنٹو کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

شملہ معاہدہ میں کشمیری عوام کے حق خود ارادیت ...

جنگی قیدیوں کی واپسی کے بعد بھارت کے ساتھ تمام متنازعہ امور پر بات چیت ہوگی

جنگی قیدی آئندہ برس مارچ تک واپس آ جائیں گے

بھارت کشمیر کے بارے میں اپنے وعدوں سے منحرف ہو چکا ہے: مظفر آباد کے جلسہ عام سے خطاب

مظفر آباد۔ نومبر (پ پ) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے تصفیے کے سلسلے میں پاکستان شملہ معاہدے کے دائرہ کار میں رہ کر بھارت سے بات چیت کے لئے تیار ہے لیکن بات چیت بہر صورت حق خود اختیاری کے مسلمہ اصولوں کی اساس پر ہوگی۔ اور پاکستان اس سلسلے میں کسی قسم کی سودے بازی ہرگز نہیں کرے گا۔ آزاد کشمیر کے پانچ روزہ دورہ کے آغاز پر آج شام مظفر آباد کے سٹیڈیم میں بہت بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم بھٹو نے کہا بھارتی حکومت نے معاہدہ تاشقند میں کشمیری عوام کے حق خود ارادیت پر پاکستان کے موقف کو واضح طور پر تسلیم کیا ہے اور یہ موقف غیر متزلزل اور قطعی ہے۔ اور دنیا کی کوئی طاقت کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت کو نہیں چھین سکتی۔ انہوں نے کہا جنگی قیدیوں کی واپسی آئندہ برس مارچ تک مکمل ہو جائے گی۔ پھر شملہ معاہدے کے تحت بھارت کے ساتھ تمام بنیادی اور متنازعہ مسائل پر بات چیت ہوگی۔ کشمیر کا مسئلہ ان میں شامل ہے اور مناسب وقت پر زیر بحث آ سکتا ہے تاہم اس مسئلہ پر بات چیت کے لئے وقت کا حتمی طور پر تعین نہیں کیا جا سکتا۔

وزیر اعظم نے کہا مسئلہ کشمیر سب سے زیادہ اہم اور بنیادی اہمیت کا حامل ہے لیکن بدقسمتی سے یہ گذشتہ ۲۶ برس سے معلق چلا آ رہا ہے کیونکہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہیں کیا گیا۔ آپ نے بیان مسئلہ کشمیر پر بھارت سے بات چیت کے مختلف مراحل کا ذکر کیا اور کہا پاکستان نے ہر بار اس بات پر زور دیا کہ یہ مسئلہ مذاکرات کی میز پر حل کر لیا جائے لیکن بھارت اپنے وعدوں سے منحرف ہوتا رہا۔ آپ نے کشمیر کے مسئلہ پر ہونے والی لڑائیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا اس وجہ سے پاکستان اور بھارت کے مابین اب تک تین جنگیں ہو چکی ہیں لیکن اس کے حل کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔

اپنے کمائے ہوئے زرمبادلہ سے بسیں، ٹرک اور ٹریکٹر درآمد کرنے کی اجازت

اندرون و بیرون ملک پاکستانیوں کو چیزیں منگوانے کی اجازت بھی ہوگی

اسلام آباد۔ (پ پ) وفاقی حکومت نے دوسرے ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کو اس امر کی اجازت دے دی ہے وہ بسیں، ٹریکٹر اور ٹرک مکمل صورت میں یا صرف چیسز کی شکل میں اپنے کمائے ہوئے زرمبادلہ سے خرید کر لا سکتے ہیں۔ ایک پریس نوٹ کے مطابق حکومت کی تازہ پالیسی کے تحت پاکستانیوں کو جو ملک سے باہر ہیں اس امر کی اجازت ہے کہ وہ اپنے کمائے ہوئے زرمبادلہ سے بسیں اور ٹرکوں کی چیسز خرید کر تسلیم شدہ اسمبل کرنے والوں کے توسط سے درآمد کریں۔ درآمد کی حوصلہ افزائی کے لئے فیصلہ کیا گیا ہے اب انہیں اس امر کی اجازت بھی ہوگی کہ وہ چیسز کے علاوہ مکمل حالت میں بھی یہ چیزیں منگوا سکیں گے۔ علاوہ ازیں یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ پاکستان میں رہنے والے شہریوں کو بھی بس، ٹرک اور ٹریکٹر منگوانے کی اجازت دی جائے۔ جو ان کی خرید کے لئے حکومت سے زرمبادلہ طلب نہیں کریں گے بلکہ اپنے وسائل سے قیمت ادا کریں گے۔ تاہم ان پاکستانیوں کو اپنی درخواستوں کے ہمراہ اس امر کا بیان بھی دینا ہوگا کہ انہوں نے زرمبادلہ کس ذریعہ سے حاصل کیا۔

... کشمیر کے بارے میں کسی قسم کی سودے بازی نہیں کی جائے گی۔

پاکستان آزاد کشمیر کو صوبہ کی حیثیت دینے کے لیے تیار ہے

کشمیر کو قومی اسمبلی میں نمائندگی دی جا سکتی ہے

کشمیری عوام چاہیں تو پارلیمانی نظام اختیار کر لیں: وزیر اعظم

مظفر آباد۔ نومبر (پ پ) وزیر اعظم بھٹو نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حتمی تصفیہ تک کشمیری عوام کو حکومت کے ڈھانچے کے بارے میں کوئی فیصلہ کر لینا چاہیے۔ اگر کشمیر کے عوام چاہیں تو وہ آزاد کشمیر کو صوبہ کی حیثیت دینے پر تیار ہیں۔ وہ اگر پاکستان کی طرح کا پارلیمانی نظام چاہیں تو اس پر بھی انہیں کوئی اعتراض نہ ہوگا وہ آزاد کشمیر کو قومی اسمبلی میں نمائندگی دینے پر بھی تیار ہیں اور یہ تمام صورت حال کشمیر کا مسئلہ حل ہونے تک عبوری حیثیت کی ہوگی۔ آج یہاں پہنچنے کے بعد اپنے جلسہ عام میں وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ کشمیریوں کی رائے اور خواہش کا احترام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا اگر مقبوضہ کشمیر کی نمائندگی کا سوال پیدا ہو تو اس کی نشستیں حتمی تصفیہ تک خالی چھوڑی جا سکتی ہیں۔ جس طرح مشرقی پاکستان کی نشستیں ہمارے ہاں ابھی تک خالی ہیں۔ وزیر اعظم بھٹو نے کہا ممکن ہے بعض عناصر جو کشمیریوں کو درپیش مسائل و مصائب سے آگاہ نہیں ہیں اس پر یہ اعتراض کریں کہ اس طرح اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہوگی۔ لیکن ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ان قراردادوں کی حقیقت سے ہی کیا؟ کشمیری اور پاکستانی عوام کے لئے یہ کاغذی ٹکڑوں کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا تاہم ہمیں اقوام متحدہ کا پورا پورا احترام ہے۔

پاکستان نے بھارت سے جنگی قیدی کی شہادت کے تازہ واقعہ کی وضاحت طلب کر لی

راولپنڈی۔ نومبر (پ پ) حکومت پاکستان نے بھارتی حکومت سے فوری مطالبہ کیا ہے کہ وہ گزشتہ جمعہ کے روز ایک بھارتی کیمپ میں ایک پاکستانی جنگی قیدی کی موت کے المیہ کے اسباب پر روشنی ڈالے۔ ۳ نومبر کو نئی دہلی سے بھارتی وزارت دفاع کے حوالے سے خبر دی گئی کہ ... محمود ... ایک قیدی کو فرار ہونے کے الزام میں گولی مار کر شہید کر دیا گیا ... حکومت پاکستان کو اب تک بھارتی حکومت نے اس المیہ کی کوئی رپورٹ ارسال نہیں کی حالانکہ کسی جنگی قیدی کے مجروح یا جاں بحق ہونے کی صورت میں تمام تفصیلات فوراً موصول ہو جانی چاہئیں۔ اس سلسلے میں حکومت پاکستان نے بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی سے بھی رابطہ قائم کر لیا ہے۔

نماز عید الفطر

کینیڈا اور امریکہ کے تقریباً ہر بڑے شہر میں مسلمانوں نے بڑے ہی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کے ساتھ ۲۸ اکتوبر کو نماز عید ادا کی۔

ٹورانٹو میں کوئی پانچ جگہوں پر نماز عید کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جامع مسجد میں اندازاً تین ہزار سے زائد لوگوں نے نماز پڑھی۔ اور وہاں جگہ کی کمی کے باعث تین بار نماز پڑھائی گئی۔ دنیا کے کونے کونے سے آنے والے مسلمانوں کا یہ کثیر اجتماع یگانگت اور قوت ایمانی کا حامل ہی مؤثر منظر پیش کرتا تھا۔

اس موقع پر جگہ جگہ عرب مجاہدین کے لیے دعائیں مانگی گئیں۔



قارئین کرام توجہ فرمائیں.....

(۱) جب آپ اپنا گھر تبدیل کریں تو ہمیں اپنے پرانے اور نئے پتے سے آگاہ کرنا نہ بھولیے۔

(۲) اگر آپ کا چندہ ختم ہو چکا ہے یا ہونے والا ہے تو اس کی تجدید فرما دیجئے۔

(۳) اب تک جن حضرات کو اخبار مفت ملتا رہا ہے وہ اگر اسے اپنے نام جاری رکھنا چاہیں تو اس شمارے کے صفحہ ... پر دیا ہوا خریداری فارم پُر کر کے اپنے چندے کے ساتھ روانہ فرمائیں۔ کیونکہ آئندہ ...

(۴) [illegible]

شکریہ ... ادارہ

اپنے صدر کے عہدے پر فائز رہنے کے لیے اصرار نہیں کرنا چاہیے تھا

مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا ذمہ دار یحییٰ خان ہے: محمد ایوب خان

فوجی اچھے سپاہی تو ہو سکتے ہیں: اچھے سیاستدان کبھی نہیں بن سکتے

بھٹو نوجوان اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں: وہ پاکستان کو بچا لیں گے: استنبول کے اخبار سے انٹرویو

بھٹو کی طرح مجیب بھی ملکی اتحاد کی ضرورت محسوس کرنے لگیں گے

استنبول۔ نومبر ... پاکستان کے سابق صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے استنبول کے ایک اخبار ... کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا ذمہ دار یحییٰ خان ہے ... فوجی اچھے سپاہی تو ہو سکتے ہیں لیکن اچھے سیاستدان کبھی نہیں بن سکتے ... مشرقی اور مغربی پاکستان پھر کبھی ...

بھٹو صاحب نے اقتدار سنبھالا ہے ملک کو متحد کرنے کی کوششوں میں ... آپ کا اس بارے میں کیا خیال ہے۔ ایوب خان نے جواب دیا وہ بالکل درست ہے ... بھٹو اپنی کوشش کر رہے ہیں اور بڑی محنت سے کام کر رہے ہیں ... نوجوان ہیں ... وہ پاکستان کو بچا لیں گے ...

انہوں نے یہ بھی کہا: مجھے یقین ہے کہ بھٹو کی طرح مجیب الرحمان بھی دونوں حصوں کے اتحاد کی خواہش کرنے لگیں گے۔ سابق صدر ... ذاتی خواہشات پر ملک و قوم کی بہتری ... مقدم ہونی چاہیے ... جب لوگ ... اقتدار سے چمٹا نہیں رہنا چاہیے۔

سابق صدر ایوب خان نے جواب دیا ... [illegible]